Alberta

نیوز ریلیز

اس بات کو یقینی بنانا کہ نئے آنے والے البرٹا میں کامیاب ہو سکتے ہیں

16 اکتوبر، 2024ء میڈیا انکوائریز

تیسری سالانہ پریمیئرز سَمِٹ آن فیئرنیس فار نیوکمرز (سربراہی کانفرنس) پچھلی رفتار پر استوار ہے اور البرٹا میں رہنے والے ہر فرد کی مدد سے صوبے کی تعمیر کیلئے کام کر رہی ہے۔

البرٹا کی حکومت اس بات کو یقینی بنانے کیلئے پُرعزم ہے کہ صوبے میں ہر نیا آنے والا فرد ترقی کر سکے اور اپنی بلندترین صلاحیتوں تک پہنچ سکے۔ نئے آنے والے افراد البرٹا کی معیشت میں جاندار کردار ادا کرتے ہیں، اور وہ صحت کی نگہداشت اور تعمیراتی کاموں جیسے کلیدی شعبوں میں مہارتوں کی کمی کو دُور کرنے میں مدد دیتے ہیں۔ یہ سربراہی کانفرنس نئے آنے والوں کی کامیابی کیلئے راستے تلاش کرے گی جو البرٹا کی معاشی ترقی میں مدد دیتے ہیں۔

اس سال کی سربراہی کانفرنس کا موضوع ہے "البرٹا میں تجارتوں اور پیشوں کا جشن منانا"، اور یہ حقیقی زندگی میں کامیابی کی کہانیوں کو اجاگر کرے گی۔ یہ کانفرنس البرٹا بھر کے کلیدی شراکت داروں کو اکٹھا کر رہی ہے تاکہ وہ ایسے اقدامات پر بات چیت کر سکیں جن سے البرٹا میں نئے آنے والوں اور تمام البرٹنز کو فائدہ پہنچے گا، اور یہ عملی مظاہرہ کرتی ہے کہ کس طرح ہُنر مندی والے ٹریڈز اور ریگولیٹڈ پیشے نئے آنے والوں کیلئے مالی استحکام اور کامیابی کیلئے شفاف راستے پیش کر سکتے ہیں۔ اس میں حصہ لینے والوں میں نئے آنے والوں کی خدمت کرنے والی تنظیموں، پوسٹ سیکنڈری انسٹیٹیوشنز، البرٹا کے منتخب ریگولیٹری ادارے، ٹریڈ یونینز اور انڈسٹری کے نمائندے شامل ہوں گے۔

"البرٹا ایڈوانٹیج کا ایک بڑا حصہ وہ لوگ ہیں جو ہماری کمیونٹیز، ہماری معیشت اور ہماری خوشحالی میں حصہ ڈالتے ہیں۔ اب جبکہ البرٹا کی معیشت تیزی پکڑتی جا رہی ہے، ہم بہت سے شعبوں میں ہُنر مند افرادی قوت کی بڑھتی ہوئی ضرورت کو دیکھ رہے ہیں۔ ہم جانتے ہیں کہ ملازمتوں کی ان اسامیوں کو بھرنے کیلئے بہت سے نئے آنے والوں کے پاس مہارتیں اور تجربہ موجود ہے، اسلئے یہ بہت ضروری ہے کہ ہم ایک ایسا ماحول تشکیل دیں جہاں غیر ملکی ٹریڈ کی اسناد کو زیادہ تیزی سے اور کم سُرخ فیتے سے تسلیم کیا جائے۔"

ڈینیئل اسمتھ، پریمیئر آف البرٹا (Danielle Smith, Premier of Alberta)

اس سال کی سربراہی کانفرنس کے اہم موضوعات میں مندرجہ ذیل شامل ہیں:

- ٹیلنٹ کو راغب کرنا: البرٹا کی افرادی قوت کو مضبوط بنانے کیلئے نئے آنے والوں کی محنت، مہارتوں اور کاروباری جذبے کو راغب کرنے کی حکمت عملیاں۔

Classification: Public

- کامیابی کے راستے: البرٹا میں نئے آنے والوں کیلئے ہُنر مند ٹریڈز اور ریگولیٹڈ پیشوں کے راستے صاف کریں۔
- اسناد کی تصدیق: غیر ملکی اسناد کی تصدیق میں ہمواری پیدا کرنے کی کوششیں، نئے آنے والوں کو ملازمت کی مارکیٹ میں تیزی سے داخل ہونے میں مدد دینا۔
- کامیابی کو تسلیم کرنا: وہ طریقے جن سے البرٹا کی حکومت نئے آنے والوں کے لیبر مارکیٹ میں حصہ لینے میں سہولتیں پیدا کر رہی ہے۔

اونٹاریو کے سابقہ وزیر محنت مونٹی میک ناہٹن (Monte McNaughton)، افرادی قوت، ٹریننگ اور مہارتوں کو بڑھانے، بشمول افرادی قوت میں نئے آنے والوں کی مدد کیلئے نہایت اہم کوششوں کے بارے میں ایک کلیدی تقریر کریں گے۔

"نئے آنے والے بیش قیمت مہارتیں، خیالات اور نقطہ ہائے نظر ہمراہ لے کر آتے ہیں جو ہماری افرادی قوت اور کمیونٹیوں کو تقویت بخشتے ہیں۔ ان کی بین الاقوامی مہارتوں کی صحیح سپورٹ اور انہیں تسلیم کرنے سے، نئے آنے والے ہُنرمند ٹریڈز اور ریگولیٹڈ پیشوں میں ترقی کر سکتے ہیں۔ یہ پیشے محض ملازمتوں سے بڑھ کر ہیں؛ وہ خوشحالی کے راستے ہیں۔"

راجن ساہنی (Rajan Sawhney)، وزیر برائے اعلٰی تعلیم

"اس سربراہی کانفرنس میں شیئر کردہ ہر کہانی نئے آنے والوں کی لچک اور عزم و ہمت کی یاد دہانی کے طور پر کام کرتی ہے۔ کامیابی کی یہ کہانیاں اس بات کو ظاہر کرتی ہیں کہ صحیح مدد اور تسلیم کے ساتھ، نئے آنے والے ہماری معیشت میں ترقی کر سکتے ہیں اور اختراع کو آگے بڑھا سکتے ہیں۔"

محمد یٰسین (Muhammad Yaseen)، وزیر برائے امیگریشن اور کثیر الثقافتی

ایڈوانسڈ ایجوکیشن بین الاقوامی ٹریڈ کی اسناد کی تصدیق کو ہمواری سے سرانجام دینے کیلئے دوسرے دائرہ ہائے اختیارات کے ساتھ مِل کر کام کرنے کو جاری رکھے ہوئے ہے، جو مزید نئے آنے والوں کو اپنی ٹریننگ یا امتحانات کو دوہرائے بغیر البرٹا میں انہیں ان کے ٹریڈ میں کام کرنے کی اجازت دیتا ہے۔

متعلقہ معلومات

- نئے آنے والوں کیلئے شفافیت پر پریمیئر کی سربراہی کانفرنس

متعلقہ خبریں

- امیگریشن کا طرز البرٹا کی صحت کی نگہداشت میں مدد دیتا ہے (8 اگست، 2024ء)
- ٹریڈ کی اسناد کی ہمواری سے تصدیق کیلئے شراکت داری (5 جولائی، 2024ء)

میڈیا انکوائریز

سوینا جوہینسن (Savannah Johannsen)

780-427-2251
پریس سیکریٹری، آفس آف دی پریمیئر

ویرون چندرا شیکر (Varun Chandrasekar)

780-293-1745
پریس سیکریٹری، ایڈوانسڈ ایجوکیشن